**Shabbir / Fazil**

**24-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں حبیب الرحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- اِسرو آج صبح سری ہری کوٹہ سے، امریکہ کا AST SpaceMobile Blue Bird Block-2 مواصلاتی سیارچہ خلا میں بھیجے گی۔

2- بھارتیہ ریزرو بینک، نقد رقم کی صورتحال میں بہتری لانے کیلئے اوپن مارکیٹ کام کاج اور غیر ملکی زرِ مبادلہ کی ادلا بدلی کر کے، بینکنگ نظام میں تین ٹریلین روپے کی نقد رقم شامل کرے گا۔

3- ہوا کی کوالٹی کے بندوبست کے کمیشن نے قومی راجدھانی خطّے میں آلودگی پر قابو پانے کیلئے 6 حرارتی بجلی پلانٹس کو، ماحولیات کی خلاف ورزی پر وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔

4- ٹرمپ انتظامیہ نے H-1B ورک ویزا عمل میں تبدیلی کی ہے۔ اُس نے لاٹری نظام کی جگہ، اُجرت اور ہُنرمندی پر مبنی طریقِ کار کو ترجیح دی ہے۔

5- حکومت نے کھیل کود کے پیشہ ور افراد کی اگلی نسل تیار کرنے کیلئے جامع انٹرن شپ پالیسی شروع کی ہے۔

6- اور خواتین کرکٹ میں، دوسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے سری لنکا کو 7 وکٹ سے ہرا کر، 5 میچوں کی سیریز میں دو -صفر سے سبقت حاصل کر لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

ISRO

بھارت کی توجہ اب ایک اور اہم خلائی مشن کی طرف ہے۔ ISRO اپنی تجارتی شاخ NewSpace India Limited کے ذریعے، بلو برڈ بلاک ٹُو مواصلاتی سیارچہ خلا میں بھیجے گی۔ یہ طیارہ آج آندھراپردیش کے شہر سری ہری کوٹہ سے آج صبح 8 بجکر 55 منٹ پر روانہ کیا جائے گا۔ یہ طیارہ ستیش دھون خلائی مرکز پر دوسرے لانچ پیڈ سے خلا میں بھیجا جائے گا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Allu Murali

اِسرو کا، زیادہ وزنی سیارچے لے جانے والا راکٹ LVM3، بلو برڈ بلاک ٹُو مواصلاتی سیارچے کو، زمین کے قریبی مدار میں لے جائے گا۔ یہ LVM3 کی چھٹی پرواز ہوگی، جس سے خلا میں سیارچے بھیجنے کی، اِسرو کی، ثابت شدہ اور قابلِ اعتبار صلاحیت اُجاگر ہوتی ہے۔ یہ بھارتی سرزمین سے LVM3 کے ذریعے خلا میں بھیجا جانا والا سب سے زیادہ وزنی سیارچہ بھی ہے۔ بلو برڈ بلاک ٹُو کا تعلق امریکہ کی AST SpaceMobile سے ہے۔ اِسرو کی مدد سے یہ سیارچہ براہِ راست موبائل کنیکٹی وِٹی انجام دے گا، 4G اور 5G کالز فراہم کرے گا نیز دنیا بھر میں ویڈیو اور ڈیٹا خدمات انجام دے گا۔

وِجے واڑہ سے الّو مرلی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

DRDO Akash

دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے، اگلے دور کے آکاش میزائل Akash-NG نظام کی User Evaluation جانچ مکمل کر لی ہے۔

وزارتِ دفاع نے ایک بیان میں کہا کہ جانچ کے دوران میزائلوں نے مختلف فاصلوں اور زاویوں پر پہنچ کر اپنے فضائی نشانوں پر کامیابی کے ساتھ وار کیا، جن میں نزدیکی، نچلے زاویے اور طویل فاصلے نیز اونچے زاویے بھی شامل ہیں۔

آکاش-NG مختلف قسم کے فضائی خطروں کے خلاف فضائی دفاع کو یقینی بنانے کا اہل ہے۔ یہ ملک میں ہی تیار کیے گئے ریڈیو فریکوینسی آلات سے لیس ہے اور اسے ٹھوس راکٹ موٹر سے آگے لے جایا جاتا ہے۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے User Evaluation جانچ کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے پر DRDO، بھارتی فضائیہ اور صنعت کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس جدید ترین میزائل نظام سے بھارتی فضائیہ کی فضائی دفاعی صلاحیتوں کو مزید تقویت حاصل ہوگی۔×

Civil Aviation India

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ بھارت کو شہری ہوابازی کی بین الاقوامی تنظیم ICAO کونسل میں ایک بار پھر، سب سے زیادہ اکثریت کے ساتھ چنا گیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ بھارتی ہوابازی نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں عالمی سطح پر بڑے پیمانے پر ساکھ قائم کی ہے۔

جناب نائیڈو نے بتایا کہ انہوں نے گل ICAO کی ’’کوئی ملک پیچھے نہ رہ جائے‘‘ پہل کو بھارت کی طرف سے دی گئی حمایت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے کہا کہ بھارت ایک اہم پارٹنر کے طور پر اُبھرا ہے، جو ترقی پذیر ملکوں کو مدد دے رہا ہے۔×

Naidu New Airlines

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے بتایا ہے کہ پچھلے ایک ہفتے میں انہوں نے اُن نئی ایئر لائنز کی ٹیموں کے ساتھ میٹنگس منعقد کی ہیں، جو بھارت میں اپنی پروازیں چلانا چاہتی ہیں۔ اِن میں شنکھ ایئر، الہند ایئر اور فلائی ایکسپریس شامل ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ اِن ایئرلائنز کو وزارت کی طرف سے NOC موصول ہو چکا ہے۔ جناب نائیڈو نے یہ بھی کہا کہ وزارت، بھارتی ہوابازی میں مزید ایئر لائنز کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے، جو وزیر اعظم نریندر مودی حکومت کی پالیسیوں کے تحت دنیا میں سب سے تیزی سے ترقی کرتی ہوئی ہوابازی کی مارکیٹس میں شامل ہے۔×

RBI

بھارتیہ ریزرو بینک نے بینکنگ نظام میں، نقد رقم کی کمی کو دور کرنے کیلئے تازہ اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ اُس نے آئندہ ہفتوں میں مزید تقریباً 3 ٹریلین روپے شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ رقم ایک ساتھ اوپن مارکیٹ کام کاج OMOs اور غیر ملکی زرِ مبادلہ کی ادلا بدلی کر کے کی جائے گی۔ مجوزہ منصوبے کے تحت مرکزی بینک OMOsکے ذریعے دو ٹریلین روپے مالیت کی سرکاری سکیورٹیز خریدے گی۔ یہ خریداری 29 دسمبر 5 جنوری، 12 جنوری اور 22 جنوری کو 50 ہزار کروڑ روپے کی 4 مساویانہ قسطوں کے تحت کی جائے گی۔ اس کے علاوہ RBI، تیرہ جنوری کو ایک تین سالہ امریکی ڈالر یا روپے کی 10 ارب ڈالر کی خرید و فروخت کی ادلا بدلی کرے گا۔ امید ہے کہ اس قدم سے بینکنگ نظام میں نقد رقم میں بہتری آئے گی۔

حالیہ مالی پالیسی کی میٹنگ کے دوران RBI کے گورنر سنجے ملہوترا نے مارکیٹس کو یقین دلایا تھا کہ مرکزی بینک، مالی نظام میں وافر نقد رقم کو یقینی بنائے گا۔×

VC-Prarthana

RBI نے نقد رقم اور مالی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ سرکاری سکیورٹیز کی خریداری 4 مرحلوں میں کی جائے گی۔ اِن میں سے ہر ایک مرحلہ 50 ہزار کروڑ روپے مالیت کا ہوگا۔ یہ خریداری 29 دسمبر

2025، 5 جنوری 2026 ، 12 جنوری 2026 اور 22 جنوری 2026 کو کی جائے گی۔ ڈالر اور روپے کی ادلا بدلی والی نیلامی 13 جنوری 2026 کو کی جائے۔ ریزرو بینک نے بتایا کہ وہ نقد رقم اور مارکیٹ کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے، نیز وہ نقد رقم کے نظم و ضبط کو یقینی بنانے کیلئے مناسب اقدامات کر رہا ہے۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

CAQM Show Cause

آلودگی کی روک تھام کی کوشش کے تحت قومی راجدھانی خطہ اور ملحقہ علاقوں میں ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن، CAQM نے دلی کے تین سو کلومیٹر کے دائرے میں آنے والے چھ حرارتی بجلی پلانٹوں کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیے ہیں۔ یہ نوٹس ماحولیات سے متعلق (تھرمل بجلی پلانٹوں کے ذریعے فصلوں کے باقیات کے استعمال) ضابطہ 2023 کے تحت نوٹیفائی کئے گئے بایوماس Co-Firing ضابطوں کی تعمیل نہ کرنے کی وجہ سے جاری کیے گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Bhanu

ان ضابطوں کے تحت قانونی پرویژن اس مقصد کے تحت نوٹیفائی کیے گئے تھے کہ این سی آر اور ملحقہ علاقوں میں دھان کی باقیات کا بندوبست اسی جگہ کرنے، باقیات کو جلانے کے واقعات کو کم کرنے اور فضائی آلودگی میں کمی لانے کے عمل کو فروغ دیا جا سکے۔ ان بجلی پلانٹوں کی تعمیل کی صورتحال پچھلے مالی سال کے دوران غیر اطمینان بخش پائی گئی کیونکہ بایوماس Co-Firing کی سطح مواد کے لحاظ سے تین سے پانچ فیصد کی طے شدہ سطح سے کم تھا۔ چھ حرارتی بجلی گھروں کیلئے ، تجویزکردہ ماحولیات سے متعلق معاوضے کی مجموعی رقم 61 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔کمیشن نے متعلقہ حرارتی بجلی گھروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ وجہ بتاء نوٹس جاری ہونے کے 15 دن کے اندر اپنے تحریری جواب داخل کریں۔ اس نے مزید کہا کہ اس پر عمل نہ کرنے کی صورت میں سخت کارروائی کی جائے گی۔

نئی دلی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .........

Chhattisgarh G Ram G

چھتیس گڑھ میں وکست بھارت روزگار اور ذریعہ معاش گارنٹی مشن (دیہی)۔ وکست بھارت جی رام جی کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے خصوصی گرام سبھائیں منعقد کی جائیں گی۔ اس پہل کے تحت شیڈولڈ علاقوں کے گاؤں میں قومی PESA کے دن کے موقع پر آج خصوصی گرام سبھائیں منعقد کی جائیں گی

جبکہ باقی گرام پنچایتوں میں یہ خصوصی گرام سبھائیں 26 دسمبر کو منعقد کی جائیں گی۔

ان گرام سبھاؤں کے دوران جی رام جی ایکٹ کے ضابطوں بہتر روزگار گارنٹی اور وکست بھارت 2047 کے ویژن پر مباحثہ منعقد کیا جائے گا۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

US H-18

امریکہ میں، ٹرمپ انتظامیہ نے H-1B، ورک ویزا کے انتخابی عمل میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔ اس کے تحت اب غیر ملکی کارکنوں کا انتخاب کرتے ہوئے قرعہ اندازی کے بجائے، زیادہ سے زیادہ ہُنرمندی اور زیادہ تنخواہیں لینے والے کارکنوں کو ترجیح دی جائے گی۔ داخلی سلامتی کے محکمے نے بتایا کہ اس قدم کا مقصد بہتر اُجرتوں، کام کے حالات اور امریکی کارکنوں کے روزگار کے موقعوں کو یقینی بنانا اور اس کے ساتھ ساتھ H-1B غیر امیگرینٹ ویزا پروگرام کی دیانتداری کو مستحکم کرنا ہے۔

امریکی شہریت اور امیگریشن خدمات کے ترجمان Methew Tragesser نے بتایا کہ امریکہ کے وہ آجر H-1B رجسٹریشنز کے، Random Selection کے عمل کا غلط استعمال کر رہے تھے، جو امریکی کارکنوں کی اُجرتوں کے مقابلے غیر ملکی کارکنوں کو کم اُجرت پر اپنے ہاں لانا چاہتے تھے۔

نئے ضابطے کے مطابق H-1B ویزا اب خالص قرعہ اندازی کے ذریعے نہیں دیا جائے گا، جیسا کہ پچھلی دو دہائیوں سے کیا جا رہا تھا۔x

Mandaviya Sports Internship

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی وزارت نے ایک جامع انٹرنشپ پالیسی شروع کی ہے جس کا مقصد باصلاحیت نوجوانوں کو پروان چڑھانے اور ملک کے کھیل کود کے ماحولیاتی نظام کو مضبوط کرنے کی غرض سے پوری طرح سے منظّم، بڑے پیمانے پر ایک پلیٹ فارم تیار کرنا ہے۔ وزارت کے مطابق اس پہل سے وزارت اور اس کے آٹونومس اداروں میں کالجوں اور یونیورسٹیوں کو بامعنی انٹرنشپ مواقع ملیں گے۔ ساتھ ہی انھیں اسپورٹس گورننس، ایڈمنسٹریشن اور متعلقہ پیشہ وارانہ حلقوں میں براہ راست تجربہ حاصل ہوگا۔

لانچ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے کہا کہ یہ پہل نوجوان ذہنوں کو بااختیار بنائے گی تاکہ وہ ملک کے کھیل کود کے سفر میں بامعنی طریقے سے تعاون کرسکیں۔ اس

پالیسی کے تحت سالانہ 452 انٹرنشپ فراہم کی جائیں گی۔x

ICG Samudra

بھارتی ساحلی گارڈ ICG نے، گوا شپ یارڈ لمیٹڈ میں، آلودگی پر قابو پانے والے پہلے جہاز سمُدر پرتاپ کو کل اپنے کام کاج میں شامل کیا۔ یہ جہاز جدید ترین ٹکنالوجی سے لیس ہے۔
اس جہاز کی کارکردگی میں آلودگی پر قابو پانے والے سمندری ضابطے اپنائے جائیں گے۔ یہ جہاز تلاش اور بچاؤ کی کارروائیاں انجام دے گا اور بھارت کے خصوصی اقتصادی زون کی حفاظت کرے گا۔x

Women's T20 Cricket

خواتین کرکٹ میں بھارت نے کل رات وشاکھا پٹنم میں پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹی۔20 بین الاقوامی میچ میں سری لنکا کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ سری لنکا کے 129 رن کے نشانے کے حصول کے لئے کھیلتے ہوئے بھارتی ٹیم نے گیارہ اعشاریہ پانچ اوور میں اسے حاصل کرلیا، بھارت کیلئے شفالی ورما نے 24 گیندوں میں ناقابِ تسخیر 69 رن بنائے۔
اس جیت کے ساتھ بھارت نے پانچ میچ کی سیریز میں دو صفر سے سبقت لے لی ہے۔ اگلا میچ ترو انت پورم میں 26 دسمبر کو کھیلا جائے گا۔ ہرمن پریت کور کی قیادت میں بھارت سری لنکا کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی۔20 سیریز کھیل رہاہے، جو کہ خواتین کی ٹی۔20 عالمی کپ چیمپین شپ کی تیاری کا حصہ ہے۔x

Global Chess League

شطرنج میں کل ممبئی میں بھارتی گرینڈ ماسٹرز R.Praggananandhaa اور Anish Giri کی ٹیم Alpine SG Pipers نے فائنل میں دفاعی چیمپئن Triveni Continental Kings کو ہرا کر گلوبل چیس لیگ 2025 سیزن 3 کا خطاب جیت لیا۔ Alpine SG Pipers نے پہلے میچ میں Triveni Continental Kings کو چار دو سے اور دوسرے میچ میں چار اعشاریہ پانچ، ایک اعشاریہ پانچ سے ہرا کر اپنا پہلا GCL خطاب جیت لیا۔x

Cold Wave

مدھیہ پردیش میں شدید سرد لہر کے ساتھ گھنے کہرے میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ ریاست کے مختلف اضلاع شدید سردی کی زد میں ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Abhishek Katiyar

بھوپال کے موسمیات محکمے کے مطابق گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران ریوا، نوگاؤں اور داموں اضلاع میں موسم سرد رہا۔ Pachmarhi ریاست میں سب سے سرد مقام رہا۔جہاں کم سے کم درجۂ حرارت چار اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جبکہ Shahdol ضلع کے کلیان پر میں کم سے کم درجۂ حرارت چار اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس درج ہوا۔ دَتیا، ریوا اور ستنا اضلاع میں بہت گھنا رہا جس سے حدِّ نگاہ کم ہوگئی۔

موسم موسمیات کے مطابق آئندہ دنوں میں کم سے کم درجہ حرارت میں ایک سے دو ڈگری سیلسیس کی کمی آ سکتی ہے۔

آکاشوانی بھوپال سے ابھشیک کٹھیار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .................

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -حبیب الرحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخباروں نے انٹیلی جنس بیورو کے صد سالہ لیکچر سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: ڈیجیٹل اور غیر روایتی سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ٹیکنالوجی کے ماہرین کی ضرورت۔

مغربی بنگال میں ایس آئی آر سے متعلق خبر کو اخباروں نے اہمیت کے ساتھ توجہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: مغربی بنگال میں ایس آئی آر کی سماعت 27 دسمبر سے، الیکشن کمیشن کی سخت نگرانی، رہائشی سرٹیفکیٹ پر خصوی توجہ۔

چھتیس گڑھ کے بیجاپور میں ماؤنوازوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

امید پورٹل پر رجسٹریشن کیلئے آخری تاریخ میں چھ ماہ کی مہلت۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے اہمیت کے ساتھ توجہ دی ہے۔

کھیل کی مزید خبروں میں آل راؤنڈر دیپتی شرما کے ICC رینکنگ میں سرفہرست ہونے اور جمائما روڈریگز کو دہلی کیپیٹلز کا کپتان مقرر کیے جانے کی خبر کو روزنامہ انقلاب نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

عالمی خبروں کے صفحے کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

- جاپان دنیا کا سب سے بڑا جوہری پلانٹ دوبارہ کھولنے کیلئے تیار۔
- کمبوڈیا پر تھائی لینڈ کا فضائی حملہ، سرحدی کشیدگی میں اضافہ۔
- میکسیکو کی بحریہ کا طیارہ امریکہ میں تباہ، 50 افراد ہلاک۔
- ٹرمپ نے گرین لینڈ پر قبضے کے دعویٰ کا اعادہ کیا، ڈنمارک کا احتجاج۔
- افغانستان میں بچوں میں غذائی قلت بلند ترین سطح پر۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- اِسرو آج صبح سری ہری کوٹہ سے، امریکہ کا AST SpaceMobile Blue Bird Block-2 مواصلاتی سیارچہ خلا میں بھیجے گی۔

2- بھارتیہ ریزرو بینک، نقد رقم کی صورتحال میں بہتری لانے کیلئے اوپن مارکیٹ کام کاج اور غیر ملکی زرِ مبادلہ کی ادلا بدلی کر کے، بینکنگ نظام میں تین ٹریلین روپے کی نقد رقم شامل کرے گا۔

3- ہوا کی کوالٹی کے بندوبست کے کمیشن نے قومی راجدھانی خطّے میں آلودگی پر قابو پانے کیلئے 6 حرارتی بجلی پلانٹس کو، ماحولیات کی خلاف ورزی پر وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔

4- ٹرمپ انتظامیہ نے H-1B ورک ویزا عمل میں تبدیلی کی ہے۔ اُس نے لاٹری نظام کی جگہ، اُجرت اور ہُنرمندی پر مبنی طریقِ کار کو ترجیح دی ہے۔

5- حکومت نے کھیل کود کے پیشہ ور افراد کی اگلی نسل تیار کرنے کیلئے جامع انٹرن شپ پالیسی شروع کی ہے۔

6- اور خواتین کرکٹ میں، دوسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے سری لنکا کو 7 وکٹ سے ہرا کر، 5 میچوں کی سیریز میں دو -صفر سے سبقت حاصل کر لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------